تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

January 23, 2025

پریس ریلیز

اشتراک کے امکانات کی تلاش میں ہُکائیدو، جاپان کے وفد کا جامعہ ملیہ اسلامیہ کا دورہ

یونیورسٹی پلیسمنٹ سیل (یو پی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ بائیس جنوری دو ہزار پچیس کو ڈین ،فیکلٹی آف انجینئر نگ کے دفتر میں جاپان کے ہُکائیدو کے وفد کی میزبانی کی۔ جناب کازواکی ایکیڈا، ڈائریکٹر، بیورو برائے بین الاقوامی امور و پالیسی سازی و رابطہ کاری کی سربراہی والا وفد بارہ اراکین پر مشتمل تھا۔ٹیم میں ڈائریکٹر،سی ای اوز اور جاپان کی مختلف ممتاز صنعتوں کے نمائندے شامل تھے۔

یو پی سی ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ٹیم پروفیسر راحیلہ فاروقی ،اعزازی ڈائریکٹر، یو پی سی ، پروفیسر صباح خان، اعزازی ڈپٹی ڈائریکٹر اور پروفیسر ریحان خان سوری ،ٹریننگ اینڈ پلیسمنٹ آفیسر ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پر مشتمل تھی۔ان کے ہمراہ پروفیسر منی تھامس، ڈین فیکلٹی آف انجینئر نگ ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی بھی تھیں۔

کزاوَ کی ایکیڈا اور ان کی ٹیم نے جاپان میں ہکائیدو جزیرے پر واقع یمہا کوکو، سپورو انڈسٹری ، یاما کو انڈسٹری کو،لمیٹیڈ ،میڈیا میجک انس وغیرہ جیسی آئی ٹی سیکٹر کی کمپنیوں میں ملازمت اور انٹرنشپ میں مواقع اور امکانات کی تلاش میں جامعہ کے یو پی سی کے ساتھ اشتراک کے لیے پرزینٹیشن دیا۔ایکیڈا نے اس امید کے ساتھ کے ہندوستانی طلبہ انٹرنشپ کے دوران ہکائیدو میں پرسکون طریقے سے رہ سکیں گے، انھوں نے جاپان کے شمال میں واقع ہکائیدو کی جغرافیائی اور آب وہوا کی خصوصیات کا جائزہ بھی پیش کیا۔

جامعہ کے سلسلے میں پروفیسر صباح خان نے پرزنٹیشن دیا جس کا ہکائیدو وفد نے مثبت تاثر دیا۔ نتیجے کے طور پر دونوں فریقوں نے طے کیا کہ اشتراک کے عمل کو آرکی ٹیکچر ،سول انجینئر نگ ، ہاسپٹالیٹی مینجمنٹ اور پروڈکشن انجینئر نگ وغیرہ کے شعبوں میں اپنا اشتراک بڑھائیں گے۔ جاپانی وفد نے جامعہ میں سائنس ،سوشل سائنس اور انجینئر نگ شعبہ جات میں تعلیمی معیار، تہذیبی رنگا رنگی اور تحقیق رخی اختراعیت کے جذبے کی ستائش کی۔

پروگرام سوال و جواب کے سیشن پر اختتام پذیر ہوا جس میں طلبہ اور فیکلٹی اراکین نے شرکت کی۔توقع ہے کہ جاپانی

وفد، یو پی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ساتھ مفاہمت نامے پر دستخط کے لیے اپنی شرائط اور ضوابط سے آگاہ کرے گا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی